2025-11-07

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ارجمند علی خان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- ملک قومی گیت وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے کا جشن منا رہا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں ایک خصوصی پروگرام میں سال بھر چلنے والی تقریبات کا آغاز کریں گے۔

2- بہار میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے میں 64 اعشاریہ چھچھ فیصد ووٹرس نے حقِ رائے دہی کا استعمال کیا جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔

3- دوسرے مرحلے کی چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔ NDA اور مہا گٹھ بندھن کے سرکردہ لیڈر پوری ریاست میں ایک کے بعد ایک ریلیاں کر رہے ہیں۔

4- سوڈان کی نیم فوجیRapid Support Forces نے دو سال سے جاری ٹکراؤ کے بعد انسانی ہمدردی کی بنا پر جنگ بندی کیلئے امریکہ کی حمایت والی تجویز سے اتفاق کرلیا ہے۔

5- اور بھارتی ہاکی آج ملک بھر میں خصوصی پروگراموں کے انعقاد کے ساتھ اپنے 100 سال کے شاندار سفر کا جشن منائے گی۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Vande Mataram

آج قومی ترانے گیت ماترم کے 150 سال پورے ہونے کا جشن منایا جا رہا ہے۔ یہ ایک ایسا قومی گیت ہے جس سے ملک کی ہر آنے والی نسل کو متحد ہونے، اوپر اُٹھنے اور ملک کے جذبے کا جشن منانے کی ترغیب ملتی ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے اپنے من کی بات پروگرام میں یہ کہا تھا کہ اگر حب الوطنی الفاظ سے بالاتر ایک جذبہ ہے تو وندے ماترم ایسا قومی گیت ہے جو اِس خصوصی احساس کو ایک حقیقی آواز سے سرشار کرتا ہے۔

Byte: PM Modi - Vande Mataram

اب پیش ہے بھارت کے اِس منفرد قومی گیت کی تاریخ پر ایک رپورٹ

V/C Shivang

نامور بنگالی شاعر اور ناول نگار Bankim چندر چٹرجی نے اِس قومی گیت کو تحریر کیا تھا اور وندے ماترم بھارت کے بیداری کے عمل کی علامت ہے۔ جب انگریزوں کے نوآبادیاتی راج نے اپنی گرفت مضبوط کرلی تھی، تب بھارت کی تحریکِ آزادی میں وندے ماترم کی شکل میں ایک آواز ابھری۔ اِس کے بعد آنے والے برسوں میں وندے ماترم مجاہدینِ آزادی کی ایک پُراثر

آواز، محبت کی ایک علامت، مادرِ وطن کے تئیں عقیدت اور غیر ملکی طاقت کے خلاف مزاحمت کا ایک نعرہ بن گیا۔

وندے ماترم کو میٹنگوں، جلوسوں اور بڑے عوامی اجتماعات میں صرف ایک نغمے کے طور پر استعمال نہیں کیا گیا بلکہ یہ مجاہدینِ آزادی اور محب وطن لوگوں کا ایک نعرہ بن گیا تھا۔

1882 وہ سال تھا جب اِس گیت کو Bankim چندر کے مشہور بنگالی ناول آنند مٹھ میں جگہ ملی، جو 18ویں صدی کے اواخر میں Sannyasi سرکشی کے پس منظر میں تحریر کیا گیا تھا۔ حب الوطنی کا یہ نغمہ سنسکرت میں تحریر کیا گیا تھا۔ سال1896 میں گرو دیو رابندر ناتھ ٹیگور نے انڈین نیشنل کانگریس کے کولکاتہ اجلاس میں پہلی مرتبہ ترنم سے پُر اِس نظم کو گایا تھا۔ بھارت کی آئین ساز اسمبلی نے 24 جنوری 1950 کو اِسے باضابطہ طور پر قومی گیت منظور کیا تھا اور آئین ساز اسمبلی کے اُس وقت کے صدر ڈاکٹر راجندر پرساد نے اعلان کیا تھا کہ قومی ترانے جن گن من کے ساتھ وندے ماترم کا بھی اُتنا ہی احترام کیا جانا چاہیے۔

شیوانگ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.......

## Vande Matram Traffic Advisory

دلّی پولیس نے، آج نئی دلّی کے اندرا گاندھی اسٹیڈیم میں قومی گیت 'وندے ماترم' کے 150 سال مکمل ہونے سے متعلق تقریب کے سلسلے میں ایک ٹریفک ایڈوائزری جاری کی ہے۔ دلّی پولیس کے مطابق قومی راجدھانی میں سکریٹیریٹ روڈ JLN مارگ ITO سے جمنا برج تک مختلف سڑکوں پر ٹریفک متاثر ہوگا۔ شہریوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ دوپہر 2 بجے تک اِن راستوں سے سفر نہ کریں۔ دلّی پولیس کا کہنا ہے کہ تقریباً 11 ہزار لوگوں کے ایک ہزار موٹر گاڑیوں اور 300 بسوں کے ذریعے تقریب کے مقام پر پہنچنے کی توقع ہے۔×

## Bihar Polling

بہار اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے میں 64 اعشاریہ چھ-چھ فیصد ووٹ ڈالے گئے، جو ریاست کی تاریخ میں اب تک کا سب سے زیادہ ووٹنگ فیصد ہے۔ کُل ایک ہزار 314 امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں میں بند ہو گیا ہے۔ اس مرحلے میں جو سرکردہ رہنماء انتخابی میدان میں تھے، اُن میں BJP کے رہنما اور نائب وزراء اعلیٰ سمراٹ چودھری اور وِجے کمار سنہا، نتیش کمار کابینہ کے 16 وزراء اور RJD لیڈر اور مہا گٹھ بندھن کے وزیر اعلیٰ کے امیدوار تیجسوی پرساد یادو شامل ہیں۔

اِکّا دُکّا واقعات کو چھوڑ کر پولنگ مجموعی طور پر پُر امن رہی۔ لکھی سرائے ضلعے میں کچھ شر پسندوں نے ایک پولنگ بوتھ کے نزیک نائب وزیر اعلیٰ اور BJP امیدوار وِجے کمار سنہا کے قافلے پر حملہ کر دیا۔

انتخابی کمیشن نے اس واقعے کا سنگین نوٹس لیا ہے اور DGP وِنے کمار کو ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی کرنے کی ہدایت دی ہے۔

انتخابی کمیشن کے بین الاقوامی انتخابی مہمان پروگرام کے تحت 6 ملکوں سے مندوبین نے انتخابات والے مختلف حلقوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے پولنگ عمل کا مشاہدہ کیا اور آزادانہ منصفانہ انتخابات کو یقینی بنانے کے لیے انتخابی کمیشن کے اقدامات کی ستائش کی۔×

Bihar Campaigning

بہار اسمبلی انتخابات کے دوسرے اور آخری مرحلے کیلئے انتخابی مہم میں مزید تیزی آگئی ہے۔ NDA اور مہا گٹھ بندھن کے سینئر لیڈروں کے ساتھ ساتھ دیگر پارٹیوں کے رہنماء بھی انتخابی مہم میں زور شور سے شامل ہو رہے ہیں۔

دوسرے مرحلے کے تحت 20 اضلاع کے 122 اسمبلی حلقوں میں 11 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ووٹوں کی گنتی 14 نومبر کو ہوگی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Dharmendra

BJP کے سینئر رہنما اور وزیر اعظم نریندر مودی آج اورنگ آباد اور Kaimur ضلعوں میں دو عوامی میٹنگیں  کریں گے۔

اس دوران BJP کے سینئر لیڈر مرکزی وزیر داخلہ  امت شاہ جموئی اور بھاگلپور میں انتخابی ریلیوں سے خطاب  کریں گے اور NDA امیدواروں کی حمایت میں پُرنیہ میں ایک روڈ شو بھی کریں گے۔ جناب امت شاہ قومی ترانے 'وندے ماترم' کے 150 برس مکمل ہونے کے موقعے پر پٹنہ میں ایک تقریب میں بھی شرکت کریں گے۔

BJP کے ایک اور سینئر لیڈر اور اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ آج مشرقی اور مغربی چمپارن ضلعوں  میں 7 انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

کانگریس پارٹی کے لیے سینئر لیڈر راہل گاندھی بھاگلپور اور بانکا میں عوامی میٹنگوں سے خطاب کریں گے، جبکہ کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے گیا اور روہتاس میں ریلیوں میں شامل ہوں گے۔

مہا گٹھ بندھن کے وزیر اعلیٰ کے امیدوار تیجسوی پرساد یادو پُرنیہ، اریہ، بھاگلپور اور بانکا میں 18 عوامی میٹنگوں سے خطاب کریں گے۔

جَن سُراج پارٹی کے بانی پرشانت کشور نوادہ میں ایک روڈ شو کریں گے اور جبکہ سماج پارٹی کے صدر اکھیلیش یادو اورنگ آباد میں ایک چناؤ ریلی کریں گے۔ دیگر پارٹیوں کے رہنماء بھی انتخابی مہم میں زور شور سے شامل ہو رہے ہیں۔

دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...........

GST Tourism

GST بچت اُتسو سے پورے ملک میں شہریوں کو فائدہ ہو رہا ہے۔ یہ 22 ستمبر سے شروع ہوا تھا اور اِس کے تحت نریندر مودی سرکار نے کئی شعبوں میں GST شرحیں کافی کم کردی ہیں۔ آج ہم اِس بات کا تذکرہ کر رہے ہیں کہ سیاحت کے شعبے میں نئی GST شرحوں سے کس طرح لوگوں کو مدد مل رہی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Adarsh Kumar

نئی GST اصلاحات سے ٹیکس کا بوجھ کم ہونے سے سیاحت کے شعبے کو کافی راحت ملی ہے۔ ساڑھے سات ہزار روپے سے کم کے کرائے والے ہوٹلStays پر GST کم کرکے پانچ فیصد کردیا گیا ہے جبکہ پہلے یہ 12 فیصد تھا۔ اِس طرح ہوٹل میں ٹھہرنا کم خرچ ہوگیا ہے اور اِس سے متوسط طبقے اور کم خرچ میں سیروسیاحت کیلئے جانے والے لوگوں کو سہولت ہوگئی ہے۔ اِس کی وجہ سے ہوٹلوں اور Homestays میں سرمایہ کاری کی بھی حوصلہ افزائی ہوئی ہے جس سے ملازمت کے مواقع پیدا ہوئے ہیں اور بنیادی ڈھانچہ بھی بہتر ہوا ہے۔

اِدھر 10 افراد سے زیادہ کی سیٹوں والی بسوں پر ٹیکس بھی کم کرکے 18 فیصد کیا گیا ہے جس سے پبلک ٹرانسپورٹ کا خرچ کم ہوگیا ہے۔

ٹیکس شرحوں میں کٹوتی بھارت کے سیاحت اور کلچر کے شعبے کو فروغ دینے کی سرکار کی ایک کلیدی پہل ہے۔

دلی سے آدرش کمارکی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...............

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

SEBI IPO

سکیورٹیز اور ایکسچینج بورڈ آف انڈیا SEBI نے بڑے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز اور انٹرنیٹ سرچ انجن فراہم کرنے والی کمپنیوں پر زور دیا ہے کہ وہ سرمایہ کاری کی دھوکہ دہی والی سرگرمیوں کیلئے اپنے پلیٹ فارمز کے بیجا استعمال کو روکنے کیلئے تحفظاتی اقدامات کو مستحکم بنائیں۔

ایک باضابطہ مراسلے میں مارکیٹ کے انضباطی ادارے SEBI نے اِن پلیٹ فارمز سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ سیکورٹیز مارکیٹ میں اشتہارات دینے والی کمپنیوں اور اداروں کی لازمی تصدیق کے عمل میں تیزی لائیں تاکہ صرف SEBI میں رجسٹرڈ ادارے ہی سرمایہ کاری کی اسکیموں اور خدمات کی تشہیر کر سکیں۔

SEBI نے سرمایہ کاروں پر بھی زور دیا ہے کہ وہ مذکورہ اداروں کے رجسٹریشن کی تصدیق ضرور کریں اور کاروبار سے متعلق مصدقہ apps کے ذریعے ہی لین دین کریں اور درست UPI Handles کا ہی استعمال کریں۔

MEA Thailand

بینکاک میں بھارتی سفارتخانے اور Chiang Mai میں بھارت کے قونصل خانے نے تھائی لینڈ میں Mae Sot سے 270 بھارتی شہریوں کی وطن واپسی میں مدد کی ہے۔ اِن میں 28 خواتین بھی شامل ہیں۔ یہ آپریشن تھائی لینڈ کی سرکار کی مدد سے انجام دیا گیا اور اس میں بھارتی فضائی فوج کی دو خصوصی پروازیں بھی شامل تھیں۔ اِن افراد کو تھائی لینڈ کے حکام نے غیر قانونی طریقے سے وہاں داخل ہونے کے بعد امیگریشن قوانین کی خلاف ورزی کرنے کی بنا پر حراست میں لے لیا تھا۔

بینکاک میں سفارتخانے کے مطابق یہ لوگ حال ہی میں میانما سے تھائی لینڈ میں داخل ہوئے تھے، جہاں انھیں مبینہ طور پر سائبر گھپلوں کے مراکز میں کام پر رکھا گیا تھا۔

تھائی لینڈ اور میانما میں بھارتی مشن اُن دیگر بھارتی شہریوں کی واپسی کیلئے کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں جو آب بھی میانما میں ہیں اور ہو سکتا ہے، وہ بھی اسی طرح کی سرگرمیوں میں ملوث ہوں۔

سفارتخانے نے بھارتی شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ بیرونِ ملک ملازمت کی پیشکش قبول کرنے سے پہلے غیر ملکی آجروں اور بھرتی کرنے والے ایجنٹوں کے تعلق سے اچھی طرح تصدیق کرلیں۔x

## Typhoon Kalmaegi

طوفان Kalmaegi جو نومبر کے لیے غیر معمولی طور پر ایک طاقتور طوفان ہے، فلیپنز میں تباہی مچانے کے بعد ویتنام پہنچ گیا ہے، جس کے سبب ہوا کے تیز جھکّڑ چل رہے ہیں اور موسلا دھار بارش ہو رہی ہے۔

فلیپنز میں اس طوفان کی سبب 100 سے زیادہ افراد ہلاک ہو گئے اور درجنوں لاپتہ ہیں۔ ویتنام میں طوفان Kalmaegi کے سبب 183 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہوائیں چل رہی ہیں، جس کے سبب پانی کی سطح بڑھنے اور چٹّانوں کے ٹکڑے گرنے کے خطرے کے پیشِ نظر ویتنام کے حکام نے 5 لاکھ 37 ہزار سے زیادہ افراد کو محفوظ مقامات پر پہنچایا ہے۔x

## IMD Weather and AQI

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائکل میں کہیں کہیں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ آندھراپردیش، کیرالہ، ماہے اور جنوبی اندرونی کرناٹک کے کچھ مقامات پر آج گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔ موسمیات کی ایجنسی نے آئندہ 48 گھنٹے کے دوران ملک کے وسطی حصے میں کم سے کم درجہئ حرارت میں 2 سے 4 ڈگری سیلسئس کمی آنے کی پیشگوئی کی ہے۔

اس دوران دلّی NCR خطّے میں ہوا کا معیار مسلسل بہت خراب کے زمرے میں ہے۔ آلودگی کی روک تھام سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق صبح 6 بجے AQI، 310 درج کیا گیا۔x

## Sudan Ceasefire

سوڈان میں، نیم فوجی دستے ریپڈ سپورٹ فورسز یا RSF نے سوڈان کی مسلح افواج کے ساتھ دو سال سے زیادہ ٹکراؤ کے بعد انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امریکہ کی حمایت یافتہ جنگ بندی کی تجویز سے اتفاق کر لیا ہے۔

RSF نے دارفر خطّے کے El-Fasher پر قبضہ کرنے کے بعد اس فیصلے کا اعلان کیا۔ جنگ بندی کی یہ تجویز امریکی قیادت میں کواڈ کے ثالث گروپ نے پیش کی تھی، جس میں سعودی عرب، مصر اور متحدہ عرب امارات شامل ہیں۔

گروپ نے کہا ہے کہ تباہ کُن انسانی بحران کی صورتحال سے نمٹنے کی خاطر اُس نے جنگ بندی تسلیم کر لی ہے اور 18 مہینے کے محاصرے کے بعد شہریوں کے لیے امداد کی فوری فراہمی کی اجازت دے دی ہے۔

تاہم سوڈان کی فوجی قیادت والی حکومت نے ابھی اس تجویز کا جواب نہیں دیا ہے۔×

Hockey 100 Years

بھارتی ہاکی کے شاندار 100 سال کا جشن منانے کے لیے آج ملک گیر تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔ صد سالہ تقریبات کے حصے کے طور پر 550 اضلاع میں ایک ہزار 400 سے زیادہ میچ کھیلے جائیں گے۔ اصل تقریب نئی دلّی کی میجر دھیان چند نیشنل اسٹیڈیم میں ہو رہی ہے۔ Union Minister's XI اور Hockey India's Mixed XI مرد و خواتین ٹیموں کے درمیان 30 منٹ کا ایک ایگزیبیشن میچ کھیلا جائے گا، جس میں مرد و خواتین کی قومی ٹیموں کے سرکردہ کھلاڑی حصہ لیں گے۔ اس کے بعد ہاکی کے اُن سرکردہ کھلاڑیوں کی عزّت افزائی کی جائے گی، جنہوں نے اس کھیل کے لیے گراں قدر تعاون کیا۔

بھارت ہاکی سے متعلق دنیا کے سب سے کامیاب ملک کا درجہ رکھتا ہے اور اُس نے سونے کے 8 اولمپک تمغے جیتے ہیں۔×

WPL 2026 Retentions

خواتین کرکٹ میں، خواتین پریمیر لیگ 2026 کے لیے کھلاڑیوں کو ٹیم میں برقرار رکھنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ دفاعی چیمپئن ممبئی انڈئنس نے اپنی کپتان ہرمن پریت کور کو ٹیم میں برقرار رکھا ہے، جنہوں نے حالیہ ICC خواتین کا عالمی کپ جیتنے والی ٹیم کی کپتانی بھی کی تھی۔ رائل چیلنجرس بنگلور نے بھی بھارت کی سرکردہ بلّے باز اِسمرتی مندھانا کو ٹیم میں برقرار رکھا ہے۔ اس کے علاوہ ڈیلی کیپیٹلز نے شیفالی ورما اور Jemimah Rodrigus کو ٹیم میں برقرار رکھا ہے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینے کے ساتھ ہیں: ......کونین حیدر

شکریہ -ارجمند

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے بہار اسمبلی انتخابات سے متعلق خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ انقلاب کی شہ سرخی ہے: پہلے مرحلے میں ریکارڈ 64 اعشاریہ چھ-چھ فیصد پولنگ، دوسرے مرحلے میں پولنگ 11 نومبر کو ہوگی۔

"سات ممالک کے نمائندوں نے بہار میں ووٹنگ کا مشاہدہ کیا۔" اس خبر کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے اپنے  صفحہئ اوّل پر شائع کیا ہے۔

وزیر اعظم 8 نومبر کو وارانسی سے 4 نئی وندے بھارت ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ اس خبر کو ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ سمیت کئی اخبارات نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

بھارتی خواتین کرکٹ ٹیم کی صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات سے متعلق خبر کو پرتاپ نے اپنے صفحہئ اوّل پر پیش کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے نیویارک کے نو منتخب میئر ظہران ممدانی کے حوالے سے امریکی صدر ڈونالڈ کے اس بیان کو اپنے پہلے صفحے پر اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے کہ وہ ظہران ممدانی کی مدد کو تیار ہیں، مگر اس کے لیے اُنہیں واشنگٹن کے ساتھ احترام کا رویہ اپنانا ہوگا۔

فلیپنز میں سمندری طوفان 'کالمیگی' سے 140 افراد کے ہلاک ہونے کی خبر کو انقلاب، ہندوستان ایکسپریس اور دیگر اخبارات نے بھی شائع کیا ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- ملک قومی گیت وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے کا جشن منا رہا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی آج  نئی دلی میں ایک خصوصی پروگرام میں سال بھر چلنے والی تقریبات کا آغاز کریں گے۔

2- بہار میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے میں 64 اعشاریہ چھ‌چھ فیصد ووٹرس نے حقِ رائے دہی کا استعمال کیا جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔

3- دوسرے مرحلے کی چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔ NDA اور مہا گٹھ بندھن کے سرکردہ لیڈر پوری ریاست میں ایک کے بعد ایک ریلیاں کر رہے ہیں۔

4- سوڈان کی نیم فوجیRapid Support Forces  نے دو سال سے جاری ٹکراؤ کے بعد انسانی ہمدردی کی بنا پر جنگ بندی کیلئے امریکہ کی حمایت والی تجویز سے اتفاق کرلیا ہے۔

5- اور بھارتی ہاکی آج ملک بھر میں خصوصی پروگراموں کے انعقاد کے ساتھ اپنے 100 سال کے شاندار سفر کا جشن منائے گی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

------------------------------------